© rasailojaraid.com



# سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور سوانح پر علمائے اہلحدیث کی سعی وکوشش

مرتبہ —— عبدالرشید عراقی

## مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری (م ۱۹۳۰ء)

### ۱۔ سید البشر (اردو) صفحات ۹۶:۔

اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے پہلے کے واقعات، پیدائش، پرورش، شادی اور نبوت آپ کے اخلاق پر مختصراً روشنی ڈالی گئی ہے۔

### ۲۔ اسوہ حسنہ (اردو) صفحات ۵۶:۔

یہ کتاب قاضی صاحب کی تین تقاریر پر مشتمل ہے جو آپ نے سیرت نبوی کے موضوع پر مختلف مقامات پر کیں۔ اور ان تقاریر میں آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے حالات پر روشنی ڈالی ہے۔

### ۳۔ مہر نبوت (اردو) صفحات ۴۰:۔

اس کتاب میں قاضی صاحب نے سیرۃ طیبہ، خلق محمدیؐ اور تعلیمات نبویہؐ کو مختصراً بیان کیا ہے۔

### ۴۔ رحمۃ للعالمین (اردو) ۳ جلد مجموعی صفحات ۱۴۵۸:۔

یہ کتاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری زندگی کی سیرت طیبہ نہایت مستند کتاب ہے اور صحیح روایات سے مرتب و مدون کی گئی ہے۔ تمام علمائے کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ سیرۃ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس سے بہتر کتاب برصغیر پاک و ہند میں نہیں لکھی گئی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ۵۔ رحمتہ للعالمین (عربی) ۳ جلد، مجموعی صفحات ۱۳۳۳

جلد اول، سوم عربی ترجمہ از مولانا ڈاکٹر مقتدیٰ حسن ازہری (بنارس)

جلد دوم ——— عربی ——— مولانا عبدالسلام عین الحق سلفی (بنارس)

## شیخ الاسلام مولانا ابو الوفا ثناء اللہ امرتسری ؒ (م ۱۳۶۷ھ)

### ا۔ اسلامی تاریخ (اردو) صفحات ۳۲:۔

آنحضرت ﷺ کے حالات طیبہ بطور حکایت قلمبند کیے گئے ہیں۔

## امام العصر مولانا حافظ محمد ابراہیم میر سیالکوٹی ؒ (م ۱۳۷۵)

### ا۔ زاد المتقین (اردو) صفحات ۴۸:۔

اس کتاب میں آنحضرت ﷺ کی والدہ، رضاعی والدہ اور ازواج مطہرات کے حالات قلمبند کیے گئے ہیں۔

### سیرۃ المصطفیٰ (اردو) ۲ جلد مجموعی صفحات ۲۷۳:۔

اس کتاب میں آنحضرت ﷺ کے فضائل، سیاسی و تاریخی واقعات، اشاعت اسلام، ہجرت مدینہ وغیرہ کے روشنی ڈالی گئی ہے۔

## مولانا ابو الکلام آزاد (م ۱۳۷۷ھ)

### ا۔ رسول رحمت (اردو) صفحات ۷۹۹:۔

یہ کتاب آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ پر ہر پہلو سے جامع ہے۔ یہ کتاب مولانا آزاد کے ان مقالات و تحریرات پر مشتمل ہے جو آپ نے سیرت النبی ﷺ پر لکھے۔ اس کتاب کے مرتب مولانا غلام رسول مہر (م ۱۹۷۵ء) ہیں۔

مولانا آزاد کی سیرت طیبہ پر دوسری کتابیں حسب ذیل ہیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۔ خصائص محمدیہ

۳۔ سیرت طیبہ ماخوذ از قرآن مجید

۴۔ ولادت نبوی

## مولانا محمد داؤد راز دہلوی (م ۱۴۰۲ھ)

### ا۔ سیرت مقدس (اردو) صفحات ۵۶:۔

اس مختصر مجموعہ کی تفصیل حسب ذیل ہے:

باب اول ــــ پیدائش سے ابتدائے نبوت تک

باب دوم ــــ ابتدائے نبوت سے ہجرت تک

باب سوم ــــ مدنی زندگی تا وفات

### ۲۔ مقدس مجموعہ (اردو) صفحات ۱۹۲:۔

اس کتاب میں رحمت عالم ﷺ کی مقدس زندگی کے واقعات اور آپ کی مختلف دعائیں جمع کی گئی ہیں۔

## مولانا محمد صادق سیالکوٹی (م ۱۹۸۶)

### ا۔ سید الکونین (اردو) صفحات ۴۳۸:۔

اس کتاب میں آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ از پیدائش تا وفات بیان کی گئی ہے۔

### جمال مصطفیٰ (اردو) صفحات ۵۴۴:۔

اس کتاب میں آنحضرت ﷺ کی فوقیت تمام انبیائے کرام پر بیان کی گئی ہے۔

### ۳۔ ساقی کوثر (اردو) صفحات ۷۸:۔

اس کتاب میں آنحضرت ﷺ کے اوصاف حمیدہ بیان کئے گئے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

### مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی (م۱۹۵۹ء)

**رہبر کامل (اردو):-**

اس کتاب میں آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ مختلف عنوانات کے تحت عمدہ پیرائے میں بیان کی گئی ہے۔

### مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری

**الرحیق المختوم (عربی):-**

سیرۃ نبوی پر جامع کتاب۔ تمام واقعات قرآن و حدیث اور مستند تاریخ سے اخذ کئے گئے ہیں۔ رابطہ عالم اسلامی کی طرف سے مصنف کو اول انعام ملا۔

**الرحیق المختوم (اردو) صفحات ۷۰۶:-**

مصنف نے خود عربی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے اور اس کے ساتھ کچھ حذف و اضافہ بھی ہے۔ ہر معنی سے یہ عربی کتاب سے زیادہ مفید ہے۔

© rasailojaraid.com

### مولوی ابو یحییٰ امام خان نوشہروی (م۱۹۶۶ء)

**حیات محمدؐ (اردو) صفحات ۶۵۲:-**

استاد محمد حسین ہیکل (مصری) کی عربی کتاب حیات محمد ﷺ کا ترجمہ۔

### مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی (م۱۳۷۸ھ)

۱۔ **معجزہ سیرت (اردو):-** شیخ ابن تیمیہ کی کتاب کا اردو ترجمہ۔

۲۔ **صداقت رسول (اردو):-** امام ابن تیمیہ کے رسالہ کا اردو ترجمہ۔

۳۔ **اسوہ حسنہ (اردو):-** علامہ ابن القیم کی کتاب زاد المعاد کے اختصار کا اردو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ سیرۃ النبوی ﷺ پر مختصر مگر جامع کتاب ہے۔

## سوانح

### مولانا سید نواب صدیق حسن خان (م ۱۳۰۷ھ):-

۱- ترجمان وہابیہ (اردو) طبع ۱۳۰۰ھ

۲- تقصار جیود الاحرار من تذکار جنود الابرار (فارسی) طبع ۱۲۹۸ھ

۳- تسلیتہ المصاب (اردو) طبع ۱۳۰۵ھ

۴- تکریم المومنین بتقویم مناقب الخلفاء الراشدین (اردو) طبع ۱۳۰۰ھ

۵- اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء المحدثین (فارسی) طبع ۱۲۸۹ھ

۶- التاج المکلل من جواہر مآثر الطراز الاخرو الاول (عربی) طبع ۱۲۹۶ھ

۷- ابقاء المنن بالقاء المحن (اردو) طبع ۱۳۵۰ھ

### مولانا نواب علی حسن خاں (م ۱۳۵۶ھ)

### مآثر صدیقی (اردو) ۶ جلد طبع ۱۳۳۴ھ:-

مولانا نواب سید صدیق حسن خاں (م ۱۳۰۷ھ) کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں پر ایک عمدہ اور مستند کتاب۔

### مولانا عبد الحلیم شرر لکھنوی (م ۱۹۲۶ء):-

۱- ذی النورین (اردو) صفحات ۹۵ طبع ۱۹۲۵ء

۲- ثانی اثنین (اردو) صفحات ۵۸ طبع ۱۹۲۵ء

۳- ابو الحسنین (اردو) صفحات ۴۷ طبع ۱۹۲۵ء

۴- سکینتہ بنت حسین (اردو) صفحات ۳۹ طبع ۱۹۲۴ء

۵- جنید بغدادی (اردو) صفحات ۱۲۴ طبع ۱۹۲۲ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۶۔ خواجہ معین الدین چشتی (اردو) صفحات ۳۹ طبع ۱۹۲۷ء

۷۔ جان عالم (نواب واجد علی خان) (اردو) صفحات ۱۹۲۔ طبع ۱۹۵۱ء

۸۔ اسلامی سوانح عمریاں (۱۶ ائمہ کرام کے حالات) (اردو) صفحات ۲۰۰ طبع ۱۹۶۱ء

۹۔ ناموران عالم (۱۴ ناموران عالم شخصیات کے حالات) (اردو) صفحات ۱۴۸۔ طبع ۱۹۵۶ء

۱۰۔ آغائی صاحب (لکھنؤ کے رئیس) (اردو) صفحات ۱۴۴ طبع ۱۹۰۹ء

۱۱۔ ابو بکر شبلی (اردو) صفحات ۱۵۲ طبع ۱۹۲۹ء

۱۲۔ سیر علماء (۱۷ علمائے کرام کے حالات) (اردو) صفحات ۲۲۲۔ طبع ۱۹۳۰ء

## مولانا سید محمد عبد الباقی سہوانی (م ۱۳۵۴ھ)

الیاقوت والمرجان فی ذکر علمائے سہوان المعروف حیاۃ العلماء (اردو) صفحات ۱۶۴ طبع ۱۳۴۰ھ

اس کتاب میں ۱۵۹ علمائے سہوان کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں کی تفصیل درج ہے۔

## مولانا عبد الغفور داناپوری (م ۱۳۰۰ھ)

۱۔ تحقیق الجری فی حیات الخضر (اردو) حضرت خضر علیہ السلام کے حالات

۲۔ الروض الممطور فی تراجم المولوی محمد نور الہدی المغفور (اردو)

## مولانا عبد الرحیم رحیم بخش بہاری (م ۱۳۱۴ھ)

۱۔ حیات ولی :۔ شاہ ولی اللہ دہلوی کے حالات زندگی (اردو)

۲۔ حیات عزیزی :۔ شاہ عبد العزیز دہلوی کے حالات زندگی (اردو)

## مولانا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری (م ۱۹۳۰ء) :۔

۱۔ تاریخ المشاہیر (اردو) صفحات ۲۲۶ طبع ۱۹۲۹ء

۲۔ اصحاب بدر (اردو) صفحات ۱۳۸ طبع ۱۹۳۰ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مولانا حافظ عبداللہ امرتسری روپڑی (م ۱۳۸۴ھ)

### حکومت اور علمائے ربانی (اردو):۔

اس کتاب میں امام سفیان ثوری، ہارون الرشید، سلیمان بن عبدالملک، حضرت سلمہ بن دینار، سعید بن جبیر اور حجاج کا باہم مکالمہ، امام احمد بن حنبل پر خلق قرآن کے سلسلہ میں مصائب، امام ابو حنیفہ کی خشیت الٰہی، منصور کا ظلم اور امام بخاریؒ پر حکومت وقت کی ظلم و زیادتی پر سیر حاصل بحث ہے۔

## مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (م ۱۳۷۵ھ)

### ۱۔ احکام المرام باحیاء مآثر علمائے اور اسلام (اردو) طبع ۱۹۰۶ء:۔

محدثین کرام، فقہائے عظام کے حالات زندگی۔

## مولانا محمد ابو القاسم سیف بنارسی (م ۱۳۶۹ھ)

### ۱۔ اجتلاب المنفعۃ لمن یطالع احوال الائمہ الاربعہ (اردو) صفحات ۲۴

اس رسالہ میں ائمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے حالات زندگی تحقیق سے قلمبند کئے گئے ہیں۔

### ۲۔ تذکرۃ السعید (اردو) صفحات ۳۶ طبع ۱۹۱۰ء:۔

مولانا محمد سعید محدث بنارسی (م ۱۳۲۲ھ) کے حالات زندگی اور ان کی علمی خدمات کا تذکرہ۔

## مولانا ابو الکلام آزاد (م ۱۳۷۷):۔

۱۔ نفحات الانس (اردو)

۲۔ آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی (اردو)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۔ انسانیت موت کے دروازے پر۔

۴۔ تذکرہ، ۵۔ شہید اعظم، ۶۔ حکیم خاکانی شیروانی، ۷۔ حافظ شیرازی، ۸۔ عمر خیام، ۹۔ تذکرہ آب حیات، ۱۰۔ سیرت شاہ ولی اللہ، ۱۱۔ سیرت مجدد الف ثانی، ۱۲۔ سیرت امام احمد بن حنبل، ۱۳۔ سیرت امام ابن تیمیہ، ۱۴۔ البیرونی، ۱۵۔ حضرت یوسف علیہ السلام، ۱۶۔ حیات سرمد، (۱۷) تاریخی شخصیتیں۔

## مولوی ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی (م ۱۹۶۶ء)

۱۔ تراجم علمائے حدیث ہند: جلد اول، صفحات ۵۷۸، طبع ۱۳۵۶ھ

جلد دوم صفحات ۱۵۵، قلمی۔ غیر مطبوعہ

جلد دوم کا مسودہ جناب ضیاء اللہ کھوکھر ڈائریکٹر ندوۃ المحدثین گوجرانوالہ کے پاس محفوظ ہے۔

۲۔ نقوش ابو الوفاء:۔ جلد اول (اردو) مولانا ثناء اللہ امرتسری کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں کی تفصیل۔

## مولانا محمد عطاء اللہ حنیف بھوجیانی (م ۱۹۸۷ء):۔

۱۔ امام شوکانی (م ۱۲۵۰ھ) کے حالات زندگی اور ان کی علمی خدمات کا تذکرہ۔

۲۔ حاشیہ امام احمد بن حنبلؒ (اردو)

۳۔ حاشیہ امام ابو حنیفہ (اردو)

۴۔ حاشیہ امام ابن تیمیہ (اردو)

۵۔ اتحاف النبیہ فیما یحتاج الیہ المحدث والفقیہ (اردو)

یہ کتاب امام شاہ ولی اللہ دہلوی کی کتاب الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ واسانید وارثی رسول اللہ بہترین اور عمدہ حاشیہ ہے۔

## مولانا عبد السلام مبارکپوری (م ۱۳۴۱ھ):۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سیرۃ البخاری (اردو) صفحات ۳۸۰

امام المحدثین امام محمد بن اسمٰعیل بخاری (م ۲۵۶ھ) کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں کی تفصیل۔

## سیرۃ البخاری:۔(عربی) ترجمہ ۔۔ڈاکٹر عبدالعلیم بستوی

## مولانا عبدالرحیم حارق پوری

## تذکرہ حارقہ معروف الدر المنشور فی تراجم علمائے صادق فور (اردو)

اس کتاب میں علمائے صادق پور کے حالات زندگی اور ان کی دینی و علمی خدمات اور ان پر سلطنت برطانیہ کے مظالم کی پوری داستان بیان کی گئی ہے۔ (صفحات ۴۱۰ طبع ۱۳۸۴ھ پٹنہ)

## مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی (م ۱۹۵۹ء):۔

(۱) دولت مند صحابہ' (۲) سیرت ثنائی (۳) سیرت عائشہؓ (۴) سیرت فاطمہؓ (۵) سیرت امام ابو حنیفہؒ (۶) سیرت مولانا آزاد' (۷) استاد پنجاب (شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالمنان محدث وزیر آبادی کے حالات زندگی)

## مولانا غلام رسول مہر (م ۱۹۷۵ء):۔

(۱) سیرۃ امام ابن تیمیہؒ' (۲) سید احمد سید (۳) جماعت مجاہدین (۴) سرگزشت مجاہدین' (۵) مولانا ابو الکلام آزاد (۶) علامہ اقبالؒ

## مولانا محمد علی جانباز:۔

تذکرہ علمائے اہلحدیث (۳ جلد)

## مولانا محمد اسحاق:۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فقہائے ہند (۹۔ جلد) (۲) خاندان قصوری، (۳) ارمغان حنیف (مولانا محمد حنیف ندوی کے حالات اور علمی کارناموں کی تفصیل۔

## پروفیسر حکیم عنایت اللہ نسیم سوہدروی (م ۱۹۹۴ء):۔

۱۔ علی گڑھ کے تین فرزند (مولانا محمد علی جوہر، مولانا ظفر علی خاں، مولانا حسرت موہانی)

۲۔ مولانا ظفر علی خاں اور ان کا عہد

۳۔ قائد اعظم اور ان کا عہد

## عبدالرشید عراقی

۱۔ **تذکرۃ ابو الوفا:**۔ (شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں کا تذکرہ۔

۲۔ **تذکرہ بزرگان علوی سوہدرہ:**۔ (مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی اور ان کے والد مولانا عبدالحمید سوہدروی اور ان کے دادا مولانا غلام نبی الربانی سوہدروی اور مولانا خادم کے صاحبزادگان مولوی حافظ محمد یوسف صاحب، و حافظ عبدالوحید اور پوتے مولوی محمد ادریس فاروقی کے حالات اور علمی کارناموں کی تفصیل۔

۳۔ **مولفین صحاح ستہ:**۔ (یعنی امام مالک، امام بخاری، امام مسلم، امام ابو داؤد، امام ترمذی، امام نسائی اور امام ابن ماجہ کے حالات۔

۴۔ **سیرۃ ائمہ اربعہ:**۔ (امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے حالات زندگی۔

© rasailojaraid.com